اِسلامی ناموں کا

اِنسائیکلوپیڈیا

مرتب

اقتیاز احمد

اسلامی ناموں کا انسائیکلوپیڈیا

مرتب

امتیاز احمد

دار الاشاعت مصطفائی دہلی ۱۱۰۰۰۶

ISLAMI NAMON KA ENCYCLOPAEDIA

Edited by

Imtiyaz Ahmed

Year of Edition 2007

نام کتاب — اسلامی ناموں کا انسائیکلوپیڈیا

مرتب — امتیاز احمد

سنِ اشاعت — ۲۰۰۷ء

فہرست

حصہ چہارم لڑکیوں کے نام

تمہید

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ہر ذی شعور انسان اچھی چیز سے پیار کرتا ہے اور اچھے انجام کا خواہاں ہے، لہذا جس طرح اچھا نام رکھنے کی تلقین و تاکید نبی کریم ﷺ کی ہے، اسی قدر برے نام رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ کسی شخص کا نام دریافت فرماتے وہ نام اچھا ہوتا تو آپ ﷺ کے چہرے پر خوشی کے آثار نظر آتے اور اگر مکروہ ہوتا تو آپ ﷺ کے روئے مبارک پر کراہت کے آثار نمایاں ہوتے۔

نبی کریم ﷺ ناموں کے متعلق بھی اپنی رائے کا اظہار فرماتے تھے۔

آپ ﷺ برے ناموں کو اچھے ناموں میں تبدیل فرمادیا کرتے تھے۔

جس طرح اچھے ناموں کے اچھے اثرات ہوتے ہیں۔ اسی طرح برے ناموں کے برے اثرات ہوتے ہیں، یہ وجہ تھی کہ رسول کریم ﷺ اچھا نام رکھنے کی تلقین فرماتے اور اچھا نام سنتے تو خوش ہوتے، جب کہ برا نام رکھنے سے منع کرتے اور برا نام سنتے تو کراہت فرماتے اور اسے تبدیل کر دیتے تاکہ اس شخص کی زندگی پر برے اثرات مرتب نہ ہوں۔

جہاں اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہت بڑی بڑی نعمتوں سے نوازا ہے وہاں انسان کو اولاد جیسی نعمت سے بھی سرفراز فرمایا ہے، اس نعمت کی قدر کی صورت یہ بھی ہے کہ بچے کا اچھا نام رکھا جائے، ایک ایسا نام جس میں شکر الٰہی کی جھلک ہو اور آئندہ بچے کی شخصیت کے لیے مفید ثابت ہو۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ ”تم روز قیامت اپنے ناموں اور اپنے

باپ کے ناموں سے پکارے جاؤ گے، لہذا اپنے نام اچھے رکھو۔"

نبی کریم ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے اچھے نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ اور سب سے سچے نام حارث اور ہمام ہیں، اور سب سے برے نام حرب یعنی جنگ اور مرہ یعنی کڑوا ہیں۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا! کہ تم انبیاء والے نام رکھو۔

نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک لڑکا لایا گیا۔ آپؐ نے اس کا نام دریافت فرمایا! تو جواب ملا "سائب" یعنی آزاد اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس کا نام سائب کی بجائے عبداللہ رکھو، راوی کا بیان ہے کہ لوگوں نے اس بچے کا نام سائب ہی رہنے دیا، جس کی وجہ سے وہ اس وقت تک نہیں مرا جب تک اس کی عقل نہ چلی گئی اور دیوانہ ہو گیا۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ کی ایک صاحبزادی کا نام عاصیہ تھا، نبی کریم ﷺ نے ان کا نام بدل کر جمیلہ رکھ دیا۔

نبی کریم ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں ہم سب مسلمانوں کو پرکھنا چاہیے کہ آیا ہم بھی اچھے ناموں اور اچھے مطالب کے ناموں کو اچھا سمجھتے ہیں یا کہ غیر مسلموں کی پیروی کرتے ہوئے جس طرح وہ لوگ اپنے بچوں اور بچیوں کے نام رکھتے ہیں کہیں ہم ان کی تقلید تو نہیں کر رہے۔

چونکہ مولود نے خود اپنا نام تجویز نہیں کرنا ہوتا، لہذا یہ والدین اور قریبی رشتہ داروں کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی بتائی ہوئی تعلیمات کی روشنی میں مولود کا اچھا اور مطلب کے اعتبار سے بہترین نام رکھیں۔

ہمارے موجودہ دور میں بعض حضرات سے اس قدر عزت و احترام برتا جاتا ہے کہ اسلام کے نظریات اور تعلیمات کو پس پشت ڈال دیا جاتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں بعض نام نہاد، پیر اور مولویوں کے بتائے ہوئے ناموں

کو اس قدر اہمیت دی جاتی ہے، چاہے اس سے ہمارے اکابرین کی توہین کا پہلو نکلتا ہو۔ مثال کے طور پر پیر یا مولوی صاحب کو تجویز کردہ نام کے متعلق پوچھا جاتا ہے، آیا یہ مولود کے لیے آئندہ زندگی میں بہتر ثابت ہوگا یا نہیں، تو پیر یا مولوی صاحب علم الاعداد کی روشنی میں نام کو پرکھتے ہیں اور اچھا یا برا شگون بتاتے ہیں، اگرچہ نام کسی صحابہؓ یا صحابیاتؓ کے نام پر ہی کیوں نہ ہو، اور ان شخصیات کا تعلق نبی کریم ﷺ سے قریبی رشتہ دار یا ساتھی کی حیثیت سے ہی ہو۔

اولاً تو علم الاعداد میں نام کی مطابقت کو ڈھونڈنا غیر شرعی طریقہ ہے اور ہم مسلمانوں کو اس قسم کی ضعیف الاعتقادی سے سختی سے پرہیز کرنا چاہیے اور اپنے قرب وجوار میں مسلمانوں کو اس سے بچنے کی تلقین کرنی چاہیے۔

خاص طور پر نبی کریم ﷺ کے قریبی صحابہؓ اور امہات المومنین، صحابیاتؓ کے نام پر نام رکھنے میں ذرہ برابر بدشگونی اور دودلی سے گریز کرنا چاہیے، ان تمام اصحابؓ کے نام بابرکت اور باعث رحمت ہیں، اور اگر ان شخصیات کے ناموں میں خدانخواستہ کوئی کمی ہوتی تو نبی کریم ﷺ ان کو تنبیہ فرما دیتے۔ جیسا کہ پہلے ہم ذکر کر چکے ہیں کہ کسی شخص کے نام کا مطلب ٹھیک نہ ہوتا تو نبی کریم ﷺ اس کو اچھا نام رکھنے کی تلقین فرما دیتے اور اچھا نام بھی تجویز کر دیتے۔

اس لیے ہمیں چاہیے انبیاء، صحابہؓ کے نام پر نام رکھنے سے پہلے کسی نام نہاد پیر یا مولوی سے علم الاعداد کی روشنی میں اچھا یا برا شگون لینے کی طرف بالکل دھیان نہیں دینا چاہیے، بے دھڑک ہو کر ان شخصیات کے نام پر نام رکھنا چاہیے۔

موجودہ دور میں ایک افسوسناک صورت حال یہ دیکھنے میں آئی ہے کہ بعض ذی شعور اور سمجھ دار لوگ اچھے بھلے نام کو بگاڑ کر پکارتے ہیں، جس کی وجہ سے پکارنے والے کو دکھ پہنچتا ہے بلکہ دوسرے سننے والوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر اقبال کو بالا، اسماعیل کو سیلا اور محمود کو مودا پکارا جاتا ہے،

اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں سورۃ الحجرات میں فرمایا ہے

''اور ایک دوسرے کا برا نام نہ رکھو۔ ایمان لانے کے بعد برا نام رکھنا گناہ ہے۔''

مسلمان ہونے کے ناطے ہم سب کو ایک دوسرے کو اچھے نام سے پکارنا چاہیے کیونکہ اس کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا! ''تم میں سے بہترین مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔''

عام فہم میں بھی اگر مخاطب کو اچھے القاب سے پکارا جائے تو وہ ضرور آپ کی بات کو سنے گا اور اگر ممکن ہو سکے ہوتو آپ کے کام کو اچھے طریقے سے انجام دے گا۔

بعض لوگ بچوں کے نام علم الایام کی مدد سے رکھتے ہیں، یعنی پیدائش کے دن کی مناسبت سے نام تجویز کیا جاتا ہے اس کا دارومدار محض تخمین وقیاس پر ہے اور قرآن یا حدیث سے کوئی تعلق نہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ہفتہ کے دن پیدا ہونے والا بچہ زیادہ تر رنج وغم میں مبتلا رہے گا، اتوار کے دن پیدا ہونے والا دولت مند، عقلمند اور لمبی عمر پائے گا، پیر کی پیدائش والا مستقل مزاج نہ ہوگا، اس لیے کامیاب نہ ہوگا، البتہ نیک سیرت ہوگا، منگل کو پیدا ہونے والا زیادہ غصہ کرنے والا ہوگا، جوانی میں بدچلن ہوگا، بدھ کے دن پیدا ہونے والا، پڑھنے والا ہوگا، جمعرات کو پیدا ہونے والا عزت ودولت پائے گا، اور جمعہ کو پیدا ہونے والا خوش نصیب اور قوی ہوگا۔

حالانکہ حقیقت بالکل اس کے برعکس ہے اور مختلف دنوں میں پیدا ہونے والے لوگوں میں ملتی جلتی عادات اور اطوار پائے جاتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں موجود بعض لوگ علم نجوم کی مدد سے بچوں کے نام رکھتے ہیں، یعنی ستاروں اور سیاروں کی مدد سے قسمت معلوم کی جاتی ہے اور دعویٰ ہے کہ

کواکب کی تاثیرات (جو کائنات میں رونما ہیں) سے مستقبل کے واقعات کا علم حاصل کیا جاتا ہے۔ آئندہ کے لیے ہونے والے واقعات کی پیش گوئی کی جاتی سکتی ہے۔ اور ستاروں کی گردش کے کچھ ایسے خواص ہوتے ہیں جو انسانی زندگی کے بہت سے معاملات پر اثر انداز ہوتے ہیں، کسی ستارے کا حرکت کر کے کسی برج میں سفر ایک انسان کے لیئے خوشی اور کامیابی کا ذریعہ ہو سکتا ہے اور کسی دوسرے شخص کے لیئے غمی اور ناکامی کا باعث ہو سکتا ہے۔

اس لیے بعض کمزور عقیدہ لوگ نجومیوں سے اپنا ستارہ معلوم کرتے ہیں اور مستقبل کے حالات کے متعلق پوچھتے ہیں۔

اسی طرح کی توہمات رسالوں اور میگزینوں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ ''آپ کا ہفتہ کیسا رہے گا'' کے کالم سے آئندہ دنوں میں ہونے والے حالات کے بارے میں پیشگوئیاں معلوم کرتے ہیں۔ اور شد و مد سے اپنی راہ متعین کرتے ہیں۔ جو کہ باطل نظریہ ہے اور مسلمانوں کو اس سے بچنا چاہیے۔ اس لیے قارئین کو نبی کریم ﷺ کا وہ فرمان نہیں بھولنا چاہیے جو آپؐ نے حدیبیہ کے مقام پر رات کو بارش ہوئی تو صبح کو فرمایا! کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ صحابہؓ نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ زیادہ جانتے ہیں۔ تو آپؐ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میرے بندوں نے اس حال میں صبح کی ہے کہ کچھ میرے ساتھ ایمان لائے اور کچھ نے میرے ساتھ کفر کیا، جس نے کہا ہمیں اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت سے بارش ملی تو وہ میرے ساتھ ایمان لانے والا ہے اور ستاروں کے ساتھ کفر کرنے والا ہے اور جس نے کہا نے کہا کہ فلاں ستارے کی بدولت بارش ملی ہے تو وہ ستاروں پر ایمان لانے والا ہے اور میرے ساتھ کفر کرنے والا ہے۔

قرآن و حدیث کے مطالعہ سے ستاروں کے متعلق جو مقاصد بزرگوں

نے ذکر کیے ہیں اس میں ستاروں کو آسمان کی زینت، خشکی و سمندر میں راستوں کی تلاش اور شیاطین کو سزا دینے کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔

ہمارے معاشرے میں ان لوگوں کی بھی کمی نہیں ہے جو کہ ''علم رمل، علم جفر، اور علم فال'' کی مدد سے نام رکھتے ہیں اور کبھی طوطے کی چونچ کو اپنی قسمت کا معیار سمجھتے ہیں یعنی طوطے نے جو کاغذ اپنی چونچ سے اٹھا دیا اس کو اپنی قسمت اور نام سے منسوب کرتے ہیں۔ اور اس پر یقین کرتے ہیں۔ حالانکہ ان چیزوں کا اسلام کی تعلیمات سے تو کیا عام طور پر انسان کی فطرت بھی اس سے کوئی مطابقت نہیں رکھتی۔

علم رمل کو حضرت ادریس ؑ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور بعض خطوط زمین پر کھینچ کر پیش گوئی کی جاتی ہے جس سے قسمت اور نام معلوم کیے جاتے ہیں۔

علم جعفر کے متعلق بعض لوگوں کا دعویٰ ہے کہ کربلا میں پیش آنے والے واقعات اور چند قواعد ضرور یہ حضرت علیؓ نے لکھ دیئے تھے جو من وعن رونما ہوئے، وہی قواعد علم جفر کی بنیاد سمجھے جاتے ہیں اور موجدِ علم حضرت جعفر کو قرار دیتے ہیں۔ مگر ان تمام باتوں میں کوئی سند نہیں اور بے بنیاد ہیں۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ قرآن وسنت اور حدیث کو چھوڑ کر ہم کسی اور معیار کو اولاد کا نام رکھنے میں اپنائیں گے تو اس میں سراسر خرابی، نحوست اور باعث لعنت ہے، اور اسلامی طریقوں میں خیر و برکت ہے اس لیے اولاد کا نام رکھنے سے پہلے ہمیں اسلامی طرز کو ملحوظ رکھنا چاہیے اور معاشرے میں رائج غیر شرعی طریقوں سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے اور بیان کردہ تمام باطل طریقوں کو رد کرنا چاہیے اور اپنے مسلمان بھائیوں کو اس کی تلقین کرنی چاہیے تاکہ مستقبل میں ہماری اولاد باعث شر ثابت نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب مسلمانوں کو اسلام کا فہم عطا کرے اور عمل کرنے کی توفیق عطا کرے، آمین!

حصہ اوّل

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے ناموں کو "اسماء حسنیٰ" یعنی سب سے اچھے نام کہا گیا ہے ان ناموں کے شروع میں عبد، عبید، عطاء یا آخر میں مناسب لفظ کا اضافہ کر کے نام رکھنا چاہیے جیسا کہ عبداللہ، عبیدالرحمٰن، عطاء الباری، اللہ دتہ یا اللہ رکھا وغیرہ۔

نام:	انگلش:	معنی:
اللہ	Allah	اللہ کا ذاتی نام
الرحمٰن	Ar-Rehman	بے حد رحم کرنے والا
الرحیم	Ar-Rahim	بڑا مہربان
الملک	Al-Malik	حقیقی بادشاہ
القدوس	Al-Qudous	برائیوں سے پاک ذات
السلام	As-Salam	بے عیب ذات
المومن	Al-Mu'min	امن وایمان دینے والا
المھیمن	Al-Muhaymin	نگہبان
العزیز	Al-Aziz	سب پر غالب
الجبار	Al-Jabbar	سب سے زبردست
المتکبر	Al-Mutakabbir	بڑائی اور بزرگی والا

الخالق	Al-Khaliq	پیدا کرنے والا
الباری	Al-Bari	جان ڈالنے والا
المصور	Al-Musawwir	صورت دینے والا
الغفار	Al-Ghaffar	درگذر اور پردہ پوشی کرنے والا
القہار	Al-Qahhar	سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا.
الوھاب	Al-Wahhab	سب کچھ عطا کرنے والا
الرزاق	Ar-Razzaq	بہت بڑا رزق دینے والا
الفتاح	Al-Fattah	بہت بڑا مشکل کشا
العلیم	Al-Aleem	بہت وسیع علم والا
القابض	Al-Qabiz	روزی تنگ کرنے والا
الباسط	Al-Basit	روزی فراخ کرنے والا
الخافض	Al-Khafiz	پست کر دینے والا
الرافع	Ar-Rafi	بلند کرنے والا
المعز	Al-Mu'izz	عزت دینے والا
المذمل	Al-Muzill	ذلت دینے والا
السمیع	As-Sami	سب کچھ سننے والا
البصیر	Al-Basir	سب کچھ دیکھنے والا
الحکم	Al-Hakam	حاکم مطلق
العدل	Al-Adil	سرتاپا انصاف

بڑا لطف و کرم کرنے والا	Al-Latif	اللطیف
باخبر اور آگاہ	Al-Khabir	الخبیر
بڑا بردبار	Al-Halim	الحلیم
بڑا بزرگ	Al-Azim	العظیم
بہت بخشنے والا	Al-Ghafoor	الغفور
قدردان	Ash-Shakoor	الشکور
بہت بلند و بالا	Al-Ali	العلی
بہت بڑا	Al-Kabir	الکبیر
سب کا محافظ	Al-Hafeez	الحفیظ
سب کو روزی اور توانائی دینے والا	Al-Muqit	المقیت
سب کے لیے کفایت کرنے والا	Al-Hasib	الحسیب
بڑے اور بلند مرتبے والا	Al-Jalil	الجلیل
بہت کرم کرنے والا	Al-Karim	الکریم
بڑا نگہبان	Ar-Raqib	الرقیب
دعائیں سننے اور قبول کرنے والا	Al-Mujib	المجیب
وسعت والا	Al-Wasi	الواسع
بڑی حکمتوں والا	Al-Hakim	الحکیم
بڑا محبت کرنے والا	Al-Wadud	الودود
بڑی بزرگی والا	Al-Majid	المجید

مردوں کو زندہ کرنے والا	Al-BA'ith	الباعث
ہر جگہ حاضر و ناظر	Ash-Shahid	الشھید
برحق اور برقرار رکھنے والا	Al-Haqq	الحق
بڑا کارساز	Al-Wakil	الوکیل
بڑی طاقت قوت والا	Al-Qawi	القوی
شدید قوت والا	Al-Matin	المتین
بڑا مددگار اور حمایتی	Al-Wali	الولی
لائق تعریف	Al-Hamid	الحمید
اپنے علم و شمار میں رکھنے والا	Al-Muhsi	المحصی
پہلی بارہ پیدا کرنے والا	Al-Mubdi	المبدی
دوبار پیدا کرنے والا	Al-Mu'id	المعید
زندگی دینے والا	Al-Muhyi	المحیے
موت دینے والا	Al-Mumit	الممیت
ہمیشہ زندہ رہنے والا	Al-Hayy	الحی
سب کو قائم رکھنے والا اور سنبھالنے والا	Al-Qayyum	القیوم
ہر چیز کو پالنے والا	Al-Wajid	الواجد
بزرگی اور بڑائی والا	Al-Majid	الماجد
اکیلا، تن تنہا	Al-Wahid	الواحد
اکیلا	Al-Ahad	الاحد

الصمد	As-Samad	بے نیاز
القادر	Al-Qadir	قدرت والا
المقتدر	Al-Muqtadir	پوری مقدرت رکھنے والا
المقدم	Al-Muqaddim	پہلے اور آگے کرنے والا
المؤخر	Al-Mu'akhkhir	پیچھے اور بعد میں رکھنے والا
الاول	Al-Awwal	سب سے پہلے
الاخر	Al-Akhir	سب کے بعد
الظاہر	Az-Zahir	ظاہر و آشکارا
الباطن	Al-Batin	پوشیدہ و پنہاں
الوالی	Al-Wali	متولی اور متصرف
المتعال	Al-Muta'ali	سب سے بلند و برتر
البر	Al-Barr	بڑا اچھا سلوک کرنے والا
التواب	All-Tawwab	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا
المنتقم	Al-Muntaqim	بدلہ دینے والا
العفو	Al-'Afuw	بہت زیادہ معاف کرنے والا
الروف	Ar-Ra'uf	بہت بڑا مشفق
مالک الملک	Malik-ul-Mulk	ملکوں کا مالک
ذوالجلال والاکرام	Dhul-Jalal -Wal-Ikram	عظمت وجلال اور انعام واکرام والا

المقسط	Al-Muqsit	عدل وانصاف قائم کرنے والا
الجامع	Al-Jame	سب کو جمع کرنے والا
الغنی	Al-Ghani	بڑا بے نیاز اور بے پروا
المغنی	Al-Mughni	بے نیاز و غنی بنا دینے والا
المانع	Al-Mani	روک دینے والا
الضار	Ad-Darr	ضرر پہنچانے والا
النافع	An-Nafi	نفع پہنچانے والا
النور	An-Noor	نور بخشنے والا
الھادی	Al-Hadi	سیدھا راستہ دکھانے والا
البدیع	Al-Badi	چیزوں کو ایجاد کرنے والا
الباقی	Al-Baqi	ہمیشہ باقی رہنے والا
الوارث	Al-Warith	سب کے بعد موجود رہنے والا
الرشید	Ar-Rashid	رشد و ہدایت دینے والا
الصبور	As-Sabur	بڑے صبر و تحمل والا

☆
☆☆☆
☆

حصہ دوئم

نبی کریم ﷺ کے صفاتی نام

نبی کریمؐ کے صفاتی نام

قرآن مجید اور احادیث میں حضرت محمد ﷺ کے کئی ایک صفاتی نام آئے ہیں جو بچوں کے نام رکھے جا سکتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"میرے نام سے نام رکھو۔"

نام:	انگلش:	معنی:
محمد	Muhammad	تعریف والا
احمد	Ahmad	سب سے زیادہ حمد کرنے والا
حامد	Hamid	سراہنے والا
محمود	Mahmud	سراہا گیا
قاسم	Qasim	بانٹنے والا
عاقب	Aqib	پیچھے آنے والا
فاتح	Fatih	کھولنے والا
شاہد	Shahid	گواہی دینے والا
حاشر	Haashir	اٹھنے والا
رشید	Rasheed	نیک
مشہود	Mashaud	گواہی دیا گیا
بشیر	Bashir	خوشخبری دینے والا

ڈرانے والا	Nazir	نذیر
بلانے والا	Dae	داع
شفا دینے والا	Shaf	شاف
ہادی	Haad	ھاد
ہدایت والا	Mahd	مھد
محو کرنے والا	Mah	ماح
نجات والا	Manj	منج
منع کرنے والا	Nah	ناہ
امی (جو کسی مکتب میں پڑھنے لکھنے نہ گیا ہو)	Ummi	امی
تھامی	Thami	تہامی
ہاشمی	Hashimi	ہاشمی
ابطح والا	Abtahi	ابطحی
غالب	Aziz	عزیز
نرم دل	Rauf	روف
رحم والا	Rahim	رحیم
طٰہٰ	Ta'ha	طٰہٰ
چنا ہوا	Mujtabaa	مجتبیٰ
طس	Tasee	طس
برگزیدہ	Murtadaa	مرتضیٰ

حمٓ	H'Mim	حمٓ
مصطفٰے	Mustafa	چنا ہوا
یٰسٓ	Yasin	یٰسٓ
اولیٰ	Awwla	بہتر
مزمل	Muzzammil	کملی والا
ولی	Wali	دوست
مدثر	Mudasir	چادر اوڑھنے والا
متین	Mateen	مضبوط
مصدق	Musaddiq	سچ بولنے والا
طیب	Tayyib	پاک
ناصر	Nasir	مدد دینے والا
منصور	Mansur	مدد دیا گیا
مصباح	Misbaah	چراغ
امر	Aamir	حکم دینے والا
حجازی	Hajagi	حجاز والا
نزاری	Nazadi	مضر بن نزاد کی اولاد سے
قریشی	Qurishi	قریشی (خاندان)
مضری	Muzri	مضر والا
حافظ	Hafiz	یاد رکھنے والا

کامل	Kamil	کامل (مکمل، پورا)
صادق	Saddiq	سچا
امین	Ameen	امانت دار
عبداللہ	Abdullah	اللہ کا بندہ
کلیم اللہ	Kalim-Ullah	اللہ سے کلام کرنے والا
حبیب اللہ	Habib-Ullah	اللہ کا دوست
نجی اللہ	Naji-Ullah	اللہ کا راز دار
صفی اللہ	Safi-Ullah	اللہ کا مخلص دوست
حسیب	Haseeb	کافی
مجیب	Mujeeb	قبول کرنے والا
شکور	Shakur	شکر گزار
مقتصد	Maqtsid	میانہ روی سے چلنے والا
قوی	Qavi	طاقت والا
حفی	Hafi	خبر رکھنے والا
مامون	Mamuun	امن والا
معلوم	Maloom	علم والا
حق	Haqq	سچا
مبین	Mubeen	ظاہر
مطیع	Muati	تابعدار

اول	Awwal	اول (پہلے)
اخر	Akhir	پیچھے
ظاہر	Zahir	ظاہر
باطن	Batin	پوشیدہ
یتیم	Yateem	یتیم
کریم	Karim	سخی
حکیم	Hakim	حکمت والا
سید	Sayed	سردار
سراج	Siraj	چمکتا ہوا
منیر	Munir	چراغ
محرم	Maharrim	قابل عزت
مکرم	Makram	عزت والا
مبشر	Mubashir	خوشخبری سنانے والا
مذکر	Mazakar	نصیحت کرنے والا
مطہر	Mutahhir	پاکیزہ
قریب	Qarib	قریب
خلیل	Khalil	دوست جانی
مدعو	Madue	دعوت دیا ہوا
جواد	Hawad	سخی

عادل	Adil	عدل کرنے والا
شہیر	Shahir	شہرت والا
شہید	Shaheed	گواہ

☆
☆☆☆
☆

حصہ سوئم

لڑکوں کے نام

الف	اردو
ت	ترکی
ر	روسی
ع	عربی
عبر	عبرانی
ف	فارسی
ہ	ہندی
یو	یونانی

''آ'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان	معنی:
آبتین	Abteen	ا،ف	فریدوں کے باپ کا نام
آب دُر	Abdur	ف	موتی کی چمک، آب وتاب، جلا
آباں	Aban	ع	فرشتے کا نام
آباد	Abad	ف	پررونق، خوش وخرم، سرسبز وشاداب
آبص	Abis	ع	خوش اور شادمان ہونا، شاداں وفرحاں ہونا
آتم	Atam	ع	دو چیزوں کو جمع کرنا
آثار	Asaar	ع	طور طریقے، علامت
آثر	Asir	ع	بیان کرنا، نقل کرنا، بلند مرتبہ، اونچا آسمان
آجر	Ajir	ع	کام پر لگانے والا، اجرت دینے والا
آدم	Adam	ع	آدمی، کائنات میں سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام، گندم گوں
آذین	Azeen	ف	زینت، آرائش
آرام جان	Aram Jaan	ف	دل پسند، پیارا، محبوب، دل کو بھانے والا
آرمیدہ	Armidah	ف	راحت وچین والا، آرام والا
آرب	Arab	ع	مضبوط، پختہ، ٹھوس

آرِب	Arib	ع	ماہر ہونا
آرن	Aran	عبر	پہاڑ، سختی
آریز	Ariz	ع	قوم کا سردار، سربراہ، لیڈر، رہنما
آرُب	Arub	ع	عقلمند ہونا، سمجھدار ہونا، ذی شعور
آزف	Azaf	ع	قریب ہونا
آشام	Asham	ف	پینے والا
آفز	Afiz	ع	جلدی کرنے والا
آزاد	Azad	ف	بری، بے قید، فارغ، خود مختار
آژمیر	Asmir	ف	متقی، پرہیزگار، سمجھدار، ہوشیار، چالاک
آسی	Asee	ع	حکیم، طبیب، معالج
آس	Aas	ف	توقع، امید
آصف	Asif	ع	لائق وزیر، قابل، حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام
آغا	Agha	ت	مالک، حاکم، بڑا بھائی، آقا
آغر	Aghar	ت	شریف، مشہور، نیک، معروف
آفتاب	Aftab	ف	سورج، دھوپ
آفریدی	Afridi	ف	پٹھانوں کا ایک قبیلہ
آفاق	Afaq	ع	عالم، دنیا، آسمان جیسی وسعت رکھنے والا تخیل یا شاعر
آفل	Afal	ع	غروب ہونے والا
آفندی	Afandi	ت	صاحب، بزرگ، محترم، معزز، شریف النفس

آقد	Aqad	ع	جلدی کرنا
آکاس	Akas	ا	آسمان، خلا، حدنگاہ
آلب	Alib	ع	جمع کرنا، اکٹھا کرنا
آلف	Alf	ع	مانوس کرنا، محبت کرنا، پیار کرنا، انس کرنا
آمال	Amaal	ع	امیدیں (امید کی جمع)
آمل	Amal	ع	امید، آس، توقع
آمر	Amir	ع	حکم دینے والا
آمن	Aman	ع	مطمئن، آسودہ، خاطر جمع رکھنے والا، پرسکون
آموز	Amoz	ف	سیکھنے والا، سکھانے والا
آمون	Amoon	ف	ترکستان کا ایک دریا
آنق	Anaq	ع	خوش ہونا، راضی ہونا
آندرے	Andray	ر	نڈرک بیباک
آوان	Awaan	ع	وقت، لمحہ، حکم گھڑی، ساعت
آویز	Awaiz	ف	محبت، چاہت، پیار، انس
آویزہ	Awazah	ف	پاکیزہ، خالص
آئیجان	Aijaan	ت	بمعنی چاند خاں
آئیدن	Aiden	ت	روشن
آئیدمیر	Aidmeer	ت	چمکتا فولاد
آئےتن	Aitan	ت	شام کا چاند
آئےکت	Aikat	ت	چاند، چمکتا چاند، مبارک چاند

آئے نور	Ainoor	ت	چاند کا نور
آئیدون	Aidon	ت	روشن دن، مبارک دن

☆
☆☆☆
☆

''ا'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش	زبان:	معنی:
اباحت	Abahat	ع	اجازت
ابتسام	Ibtsam	ع	مسکراہٹ، شگفتگی، کھلا ہوا
ابتار	Ibtar	ع	عطا کرنا، عنایت کرنا، دینا
ابرار	Abrar	ع	پرہیزگار، نیک
ابراہیم	Ibrahim	ع	مشہور پیغمبر جنہوں نے خانہ کعبہ کی تعمیر کی، خادم، قوموں کا باپ
ابدال	Abdal	ع	جانشین، بدل کی جمع، اولیاء اللہ کا ایک درجہ
ابراز	Abraz	ف	ظاہر ہونا، باہر لانا، بھید کھلنا، عیاں ہونا
ابسالم	Absalam	عبر	صلح جو
ابسام	Absam	عبر	صلح پسند، صلح جو
ابصر	Abser	ع	نظر، نگاہ، آنکھ، علم
ابوذر	Abuzer	ع	مشہور صحابی حضرت ابوذر غفاریؓ
ابوحنیفہ	Abu Hanifa	ع	فقہ حنفی کے مشہور امام حضرت نعمان بن ثابت کی کنیت
ابساط	Ibsat	ع	کشادہ، فراخ، وسیع، کھلا
ابشام	Absham	ع	ایک خوشبودار درخت

ابشر	Absher	ع	کسی کو خوشخبری پہنچانا
ابصار	Absar	ع	دانائی، علم وحکمت، آنکھیں
ابو ہریرہ	Abu Harera	ع	مشہور صحابی سیدنا ابو ہریرہؓ
ابوالخیر	Abu-l -khair	ع	بھلائی کا باپ، ایران کا ایک مشہور شاعر
ابوالقاسم	Abu-al-Qasim	ع	حضور ﷺ کی کنیت
ابوالحسن	Abu-l-Hassan	ع	حسن کا باپ، سیدنا حضرت علیؓ کی کنیت
ابوبکر	Abu Bakar	ع	خلیفہ اول سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ
ابوتراب	Abu Tarab	ع	مٹی کا باپ، سیدنا علیؓ کی کنیت
ابوطالب	Abu Talib	ع	حضور ﷺ کے چچا، جنہوں نے آپ ﷺ کی پرورش کی، حضرت علیؓ کے والد
اتفاق	Ittefaq	ع	سلوک، اتحاد، دوستی، موقع
اتالیق	Ataleeq	ف	استاد، معلم، پڑھانے والا
اثیر	Aseer	ف	بلند آسمان، عالی، اونچا
اثمر	Asmar	ع	سرمے کا پتھر
اجمل	Ajmal	ع	خوبصورت، خوبرو، حسین

اجواد	Ajwad	ف	دانا، سخی، عقل مند، دانشمند
اجلال	Ajlal	ع	شان وشوکت، بلند مرتبہ عظمت، بزرگی
اجمال	Ajmal	ع	مختصر، اختصار، تھوڑا
احرار	Ehrar	ع	آزاد لوگ
إحماد	Ehmad	ع	تعریف کے قابل
احد	Ahed	ع	ایک، یکتا، اکیلا، اللہ احد
احسن	Ahsan	ع	نیک، بھلا، اچھا
احترام	Ehtram	ع	قدر، عزت، منزلت
احتشام	Ehtisham	ع	بزرگی، شوکت، جاہ وجلال
احسان	Ehsan	ع	بھلائی، نیکی، اچھا برتاؤ، اچھا سلوک
احرار	Ehrar	ع	آزاد لوگ
احسف	Ahsaf	ع	کھجوریں ملانے والا
احشام	Ahsham	ف	چشم، دولت، مال
احفاظ	Ahfaaz	ع	محافظ لوگ
احکم	Ahkem	ع	بڑا حاکم، بہت مضبوط، پائیدار، ٹھوس
احمد	Ahmed	ع	تعریف کیا ہوا۔
احزم	Ahzem	ع	عقلمند، دانا، ہوشیار
احماد	Ihmad	ع	حفاظت رکھنا، محفوظ رکھنا، نگہبان ہونا
احمر	Ahmer	ع	سرخ، لال
اختر	Akhtar	ف	مبارک، نصیب، شگون، ستارہ، قسمت

اخلاص	Ikhlas	ع	خلوص کی جمع، چاہت، محبت
اخوان	Akhwan	ع	بھائی، برادران
اختیار	Akhtiar	ف	پسند کرنا، انتخاب کرنا، حاکمیت، چننا
اخلاق	Akhlaq	ع	کردار، بول، کلام خوش خوئی، خلق کی جمع
ادھم	Adham	ف	سیاہ گھوڑا، بلخ کے حکمران، مشہور ولی ابراہیم ادھمؒ
ادیب	Adeeb	ع	لکھنے والا، تحریر کنندہ، لکھاری
اذفر	Azfer	ع	برگزیدہ لوگ، مقبول لوگ، نیک لوگ
ارباب	Arbab	ع	صاحبان، مالکان، پالنے والا، نگہبان
ارتضی	Irtiza	ع	پسندیدہ ہونا، ایک نام ارتضی احسن اشرفی
ارقم	Arqam	ع	لکھنے والا، حضور نبی اکرم ﷺ کے مشہور صحابی ارقمؓ، تحریر، شان والا
ارشاد	Irshad	ع	حکم، ہدایت
ارشد	Arshad	ع	نیک، ہدایت یافتہ، انتہائی بھلا
اردشیر	Ird Sheer	ف	شیر کے غصے والا، زبردست غصے والا، جلالی طبیعت والا
ارسلان	Arsalan	ف	شیر، بندہ، غلام، ایک مشہور بادشاہ
ارادت	Eradat	ع	ارادہ کرنا، مرید بننا
ارزاق	Arzaq	ع	بارش
ارسطو	Arastoo	ف	عقلمند، دانا، سکندر اعظم کے وزیر کا نام جو یونان کا مشہور حکیم تھا

ارکان	Irkan	ت	بڑے عہدے والا
ارحام	Arham	ع	رحم کرنے والا، نرمی کرنے والا، رحم کی جمع
ارمغان	Armghan	ف	تحفہ، سوغات، ہدیہ
ارجمند	Arjmand	ف	قدر و منزلت والا، صاحب رتبہ
اریس	Arees	ع	کسان، زمیندار
اریب	Areeb	ع	دانا، عقلمند، دانشمند، ذی شعور
ارمضان	Armzaan	ع	تحفہ، سوغات، نذرانہ
ازہر	Azher	ع	چمکیلا، روشن، چمک والا
اسمٰعیل	Ismail	ع	حضرت ابراہیمؑ کے فرزند کا اسم مبارک
اسامہ	Usama	ع	بلند، شیر، صحابی حضرت اسامہؓ
اسلام	Islam	ع	اطاعت کرنا، جھکنا، فرمانبرداری کرنا
اسد	Asad	ع	شیر، سیدنا علیؓ کا لقب
اسلم	Aslam	ع	صاف، محفوظ، پاکیزہ، سلامت
اسرار	Asrar	ع	بھید، چھپا ہوا، راز
اسحاق	Ishaq	عبر	حق پر ثابت قدم، ایک نبی کا اسم مبارک
ازعم	Izum	ع	تابعدار، فرمانبردار، مطیع
اسناد	Asnad	ف	بھروسہ
اسحار	Ashar	ف	سویرا، فجر، صبح
اسعاد	Asad	ف	بھاؤ کرنا
اسلان	Aslaan	ت	تیر

اسفندیار	Asfand Yar	ع	حق قدرت، فارس کا مشہور سپہ سالار جس کو رستم نے قتل کیا
اسعد	Asaad	ع	مبارک، نیک بخت، خوش نصیب، صحابی کا نام
اسید	Asayed	ع	شیر رکھنے والا
اسرائیل	Israeel	ف	حضرت یعقوب کا لقب
اسمر	Asmar	ف	گندمی رنگت والا، گندم گوں
اسراد	Asrad	ف	راز
اشفاق	Ishfaq	ع	شفیق، مہربان، شفقت کرنے والا، کرم کرنے والا
اشرف	Ashraf	ع	شریف، شرافت، بزرگ، نیک
اشعر	Asher	ع	شاعر، سمجھ دار، دانا، عقلمند، زیرک
اشراق	Ashraq		وقت طلوع آفتاب
اشر	Ashar	ع	بہت شریر
اشہاد	Ashhad	ع	شاہد، گواہ
اشہل	Ashhel	ع	روشن، منور، چمکدار، پرنور
اشتیاق	Ishtiaq	ع	آرزو، خواہش، شوق، تمنا، لگن
اصغر	Asghar	ع	چھوٹا، کمسن
اصلاح	Islah	ع	درستگی، ٹھیک، تصحیح
اصباح	Asbah	ع	سویرا، صبح، اجالا، شفق
اصیل	Aseel		شام
اسعد	Asad	ع	مکے کو جانا

اصمعہ	Ismah	ع	فوری سننے والا، جلدی سننے والا، تیز تلوار
اصمد	Asmed	ع	مدد کرنا، سہارا دینا
اصبح	Isbah	ع	حق اجاگر کرنا، حق ظاہر کرنا، حق کہنا
اطہر	Ather	ع	پاکیزہ، صاف، پاک
اظہر	Azhar	ع	روشن، صاف، چمکدار، بہت واضح، منور
اظہار	Izhar	ع	ظاہر کرنا، واضح کرنا، بیان دینا، آشکار کرنا
اظفر	Azfar	ع	فتح مند، کامیاب و کامران، خوشبودار
اعجاز	Ijaz	ع	عاجز کرنا، کرامت، معجزہ
اعظم	Azam	ع	عالی مرتبت، بہت بڑا، اونچا، بزرگ
اعزاز	Aizaz	ع	مرتبہ، انعام، عزت، رتبہ، مقام
اعتماد	Atmaad	ع	یقین، بھروسہ، اعتبار
اعتباد	Etbaad	ع	کسی کو اپنا بندہ بنانا
اعلام	Alaam	ع	خبر دینا، آگاہ کرنا
اعوان	Awan	ع	حمایت کرنے والے، مددگار، بہت سے حامی
اعمار	Ammar	ع	عرصہ، مدت، زندگی، سن عمر کی جمع
اعتبار	Aitbar	ع	یقین، بھروسہ، اعتماد
اعتزاز	Atizaz	ع	خوبی، عزیز ہونا
اعتصام	Aitsam	ع	مضبوطی سے تھامنا، مضبوط پکڑنا
افضل	Afzal	ع	اعلیٰ، اونچا، ارفع، مبرا، بہترین
افراسیاب	Afrasiab	ف	توارن کا ایک بادشاہ

افتخار	Iftikhar	ع	ناز کرنا، فخر کرنا، مرتبہ، عزت، فخر کی جمع
افاضل	Afazal	ع	فضل کی جمع، علم والا، عالم فاضل، بزرگ
افنان	Afnan		شاخیں
افلاطون	Aflaatoon	ع	یونان کا مشہور حکیم، نہایت چوڑے سینے والا
افروز	Afroze	ف،ص	روشن کرنے والا
افسر	Afser	ف	حاکم، حکم کرنے والا، عہدہ دار، سردار
افشاء	Afsha	ف	عبارت
افشین	Afsheen	ف	سنہری، خلیفہ مامون الرشید کی فوج کا سپہ سالار
اقبال	Iqbal	ع	قسمت، کامیابی، خوش نصیبی، پاکستان کے مشہور شاعر علامہ اقبال، طالع، مقدر، اقرار، اعتراف
اقتدار	Iqtidar	ع	طاقت، اختیار، حکومت
اقمر	Aqmer	ع	بہت زیادہ سفید، نہایت روشن
اکرم	Akram	ع	بہت کرم کرنے والا، بہت بخشنے والا، بہت عنایت کرنے والا، عزت والا
اکبر	Akbar	ع	بڑا، یعنی ہر چیز سے بڑا، اللہ اکبر
اکمل	Akmal	ع	کامل ترین، مکمل، پورا، مہارت رکھنے والا
اکرام	Ikram	ع	عنایت کرنا، مہربانی کرنا، انعام کرنا، کرم کرنا
الحق	Alhauqe	ا،ع	فی الحقیقت، واقع، بے شک، درست، بجا
الٰہی	Elahi	ع	میرا اللہ

الیاس	Ilyas	عبر	محبوب خدا، ایک نبی کا اسم مبارک جو خضرؑ کے چچازاد بھائی ہیں، قائم و دائم
الپ	Alap	ف	نڈر، دلیر، بہادر ایک بادشاہ الپ ارسلان
الطاف	Altaf	ع	انعامات، مہربانیاں، عنائتیں، لطف کی جمع
الفاروق	Al-Farooq	ت	بہت، بافراط، کثرت سے
الفت	Ulfat	ف	محبت، پیار، چاہت، دوستی، توجہ، انس
الغیاث	Al-Ghiyas	ع	فریاد، فریاد ہے، دہائی ہے، کوئی بچاؤ
الاسلام	Al-Islam	ع	خدا کی اطاعت کرنا
الدین	Aldeen	ع	دین، اکثر ناموں کا حصہ
الرحمان	Al-Rehman	ار	نہایت مہربان، اکثر ناموں کا حصہ
الصادق	Alsadiq	ع	ملانا، چسپاں کرنا
الماس	Almas	ع	شفاف ہیرا
امان	Amaan	ع	پناہ، حفاظت
امانت	Amanat	ع	کسی کے سپرد کی ہوئی چیز، تحویل
امین	Ameen	ع	امانت دار، نبی کریم ﷺ کا لقب مبارک
امام	Imam	ع	راستہ دکھانے والا، راہنما، ہادی، پیشوا، آگے کھڑے ہونے والا، مشیر پیش امام
امتیاز	Imtiaz	ع	فرق کرنا، تمیز کرنا، پرکھنا
امیر	Ameer	ع	دولت مند، حاکم، سردار، مالدار
امداد	Imdad	ع	مدد کی جمع، مدد کرنا، دستگیری کرنا، اعانت کرنا

امجد	Amjad	ع	شریف، نیک، بزرگ
انصاف	Insaf	ع	تعرف کیا جانا، توصیف کرنا، صفت کرنا
انتظام	Intzam	ف	کام کاٹھیک ہونا، کام درست ہونا، کام مکمل ہونا
انعام	Inam	ع	صلہ، تحفہ، عنایت ہونا، کرم ہونا
انیق	Ineque	ع	قیمتی، نایاب، نادر، خوش آئند، خوب
انوار	Anwaar	ع	روشن کرنے والا، منور کرنے والا، چمکانے والا
انیس	Anees	ع	انس رکھنے والا، غمگسار، ہمدرد، محبت رکھنے والا
انتخاب	Intkhab	ع	چننا، پسند کرنا، مشہور کرکٹر انتخاب عالم
انشاءاللہ	InshaAllah	ع	اللہ نے چاہا
انظر	Anzar	ع	نظر رکھنے والا، دھیان رکھنے والا، نگاہ رکھنے والا
انجم	Anjum	ع	ستارے، نجم کی جمع
انتسام	Intsaam	ف	خوشبودار ہونا
انشراح	Inshrah	ع	خوشی، مسرت، سکون
انور	Anwar	ع	روشن کرنے والا، منور کرنے والا، چمکانے والا
انباط	Anbat	ف	راحت
انشاء	Insha	ف	عبارت، تحریر، مضمون
انبساط	Inbsaat	ف	راحت، شادمانی، خوشی، کشادگی، خوش ہونا
اَنس	Anas	ع	آواز سننا، سماعت کرنا، صحابی کا نام
انضمام	Inzimam	ع	متصل ہونا، مل جانا

انصار	Ansar	ع	مدد کرنے والے، مددگار، ناصر کی جمع، مدینہ میں بسنے والے صحابہ کرامؓ
اویس	Uwais	ع	بزرگ، حضرت اویس قرنیؓ، عطا کردہ
اورنگزیب	Aurang Zeb	ف	جسے تخت شاہی موزوں ہو، مغلیہ خاندان کے چھٹے بادشاہ اورنگزیب عالمگیر
اورنگ	Aurang	ف	خوشی، شادمانی، تخت شاہی، راحت
ایاز	Ayaz	ف	محمود غزنوی فاتح سومنات کے ایک غلام کا نام جن کا مزار چوک رنگ محل لاہور میں ہے
ایوب	Ayub	عبر	اللہ کے ایک نبی جن کا صبر مشہور ہے، رجوع کرنے والا
ایمان	Emaan	ع	دین، مذہب، اعتقاد،
ایبک	Aibak	ت	قاصد، غلام، پیغام رساں، ہندوستان کا مشہور بادشاہ قطب الدین ایبک

☆
☆☆☆
☆

”ب“ سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش	زبان:	معنی:
باحفصان	Bahifsan	ع	معلم، استاد
باقر	Baqar	ع	شیر، بہت بڑا عالم، امام زین العابدینؒ کے صاحبزادے کا نام
باقیر	Baqeer	ع	عالم شخص
باجل	Bajal	ف	عزت دار آدمی
بارک اللہ	Barkallah	ع	اللہ تمہیں برکت دے، ایک عالم کا نام بارک اللہ لکھوی
بارز	Baraz	ع	صاف، ظاہر
بازغ	Bazagh	ع	چمکتا ہوا، روشن، طلوع ہونے والا
بابر	Babar	ت	شیر، مشہور بادشاہ ظہیرالدین بابر
بایزید	Bayazeed		مشہور ولی اللہ حضرت بایزید بسطامیؒ
باہو	Bahoo	ع	چھڑی، عصا، سہارا، مشہور بزرگ حضرت سلطان باہو جن کا مزار شورکوٹ (جھنگ) میں ہے
بارق	Bariq	ع	روشن، منور، تاباں، درخشاں، چمکنے والا، برق کی جمع
باقی	Baqi	ع	لافانی، ہمیشہ رہنے والا، بچا ہوا، قائم رہنے والا، مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ باقی باللہؒ، زندہ جاوید

باشی	Bashi	ف	سردار، سربراہ، افسر، امیر
باسعود	Basaood	ع	بابرکت، نعمت اللہ، مبارک، باسعادت
باذل	Bazil	ع	سخی عطا کرنے والا، دینے والا، سخاوت کرنے والا
باسق	Basiq	ع	صاف شفاف، سفید بادل، اجلا
باسم	Basim	ع	مسکرانے والا، ہنس مکھ، ہنسنے والا، تبسم کرنے والا
باسل	Basel	ع	شیر، دلیر، بہادر، نڈر
باظش	Bazish	فَ	سختی کرنے والا، سخت گیر
باتر	Batar	ع	شمشیر، تلوار
باجل	Bajal	ف	عزت دار آدمی
بادر	Bader	ف	ڈرنے والا، چالاک
بادشاہ	Badshah	ف	شاہ، والی سلطنت، سربراہ
باذق	Baziq	ع	شیرہ انگور
بارد	Barid	ع	مال غنیمت
بازف	Bazif	ع	فخر کرنا
باصر	Basar	ع	بینائی والا، دیکھنے والا، نظر والا، آنکھوں والا
بارح	Bareh	ع	جگہ سے ہٹانا
بخش	Bakhsh	ف	عطا کرنے والا، تقسیم کرنے والا، دینے والا
بخشی	Bakhshy	ف	حساب رکھنے والا

بختیار	Bukhtiar	ف	خوش نصیب، خوش قسمت، مقدر والا، مشہور ولی اللہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ جن کا مزار مبارک دہلی میں ہے
بخاری	Bukhari	ف	شہر بخارا سے منسوب، بخارا کا باشندہ، احادیث نبویہ کی ایک مشہور کتاب جو اپنے مؤلف بخاری کے نام سے موسوم ہے
بختاور	Bukhtawar	ف	صاحب نصیب، خوش قسمت، مقدر والا
بدر	Badar	ع	پورا چاند، چودھویں کا چاند، جنگ بدر
برار	Barar	ف	پھل لانے، لے جانے والا
برکات	Barakaat	ع	نعمتیں، بہت سا فضل، برکت کی جمع
برجیس	Berjees	ع	چھوٹا ستارہ، مشتری سیارہ
برکت	Barkat	ع	زیادتی، فضل، اضافہ، نعمت ملنا
برہان	Burhan	ع	نشانی، مثال، حجت، دلیل
بزرجمہر	Bazrjmhar	ف	عقل مند، فارس کے بادشاہ نوشیرواں عادل کے وزیر اعظم کا نام
بزمی	Bazmi	ف	بزم سے تعلق رکھنے والا، محفل سے تعلق رکھنے والا
بسم اللہ	Bismillah	ع	اللہ کے نام سے
بستان	Bustan	ف	باغ، بہت سے پھول، چمن، گلشن
بسام	Bisam	ع	بہت تبسم والا، بہت مسکرانے والا، خوش شکل، ہنس مکھ
بشیر	Bashir	ع	خوشخبری دینے والا، حضور ﷺ کا اسم مبارک

بشارت	Basharat	ع	خوش خبری، مژدہ، الہام
بشر	Basher	ع	انسان، خوشی کی خبر، مسرت کی خبر، مشہور ولی اللہ حضرت بشر حافیؒ جن کا مزار بغداد عراق میں ہے
بصیر	Baseer	ع	دیکھنے والا، بینا، دانا
بغدادی	Bughdadi	ف	بغداد کا باسی، بغداد کی کوئی شئے
بقائی	Baqai	ع	قائم رہنے والا، باقی رہنے والا، مشہور بزرگ حضرت شیخ بقائیؒ
بکر	Bakar	ع	سامنے کی طرف بڑھنا، آگے بڑھنا
بقراط	Buqrat	ف	ایک مشہور زمانہ یونانی حکیم کا نام
بلال	Bilal	ع	فتح یاب ہونا، جیتا ہوا ہونا، مشہور صحابی حضرت بلالؓ
بلاول	Bilawal	ع	گانے کی ایک سر، ایک ولی اللہ حضرت شاہ بلاول قادریؒ
بنیامین	Binyamin	ع	حضرت یعقوبؑ کے بیٹے کا نام
بندہ	Banda	ف	غلام، اطاعت گذار، بندگی کرنے والا، خاکسار، انسان
بوٹا	Boota		چھوٹا درخت، جھاڑی، پھولوں کا چھوٹا درخت
بوعلی	Buali	ع	مشہور ولی اللہ حضرت بوعلی قلندرؒ اور مشہور حکیم بوعلی سینا
بلوچ	Baluch	ف	بلوچستان کا رہنے والا
بہروز	Behrooz	ف	مبارک، ایک نام بہروز سبزواری
بہادر	Bahadar	ف	نڈر، دلیر، جرات

بہزاد	Behazad	ف	نیک ذات، نیک خصلت، نیک اصل
بہنام	Behnam	ف	نیک نام، اچھا نام
بہاء	Beha	ع	چمک، رونق، روشنی، زیبائی، مشہور بزرگ حضرت بہاءالدین زکریاؒ جن کا مزار مبارک ملتان میں ہے
بہلول	Behlole	ع	ہنس مکھ، پیشوائے قوم، خنداں رو، خلیفہ ہارون الرشید کے مشہور بزرگ بہلول داناؒ
بہاء الدین	Bahaud deen	ع	دین کی روشنی، دین کی رونق، ملتان کے مشہور ولی بہاءالدین زکریا
بیضاء	Baiza		سفید، گورا
بیدار بخت	Badar Bakhat	ف	خوش قسمت، مقدر والا، جاگی ہوئی قسمت والا
بیرم	Barem	ف	خوشی، عید، جشن، پرمسرت موقع
بیگ	Baig	ف	ذات، سردار، امیر، شہزادہ
بیدل	Baidil	ف	عاشق، دیوانہ

☆

☆ ☆ ☆

☆

''پ'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش	زبان:	معنی:
پرکاش	Parkash	ا،س	ظاہر،شجاع،جوانمرد،سخی
پرویز	Perwaze	ف	قائم،خوش نصیب
پھول	Phool		گل شرارہ،نقش ونگار،کسی پتلی چیز کو جما کر سکھائے ہوئے ورق،صف،ہلکا
پیام	Piam	ف	پیغام،سندیسہ
پیرزادہ	Peerzada	ف	پیر کا بیٹا

☆

☆☆☆

☆

”ت“ سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش	زبان:	معنی:
تابش	Tabesh	ف	چمکدار، گرمی حرارت
تاثم	Tasum	ع	گناہ سے تائب ہونا، گناہ سے علیحدہ ہونا
تاحین حیات	Taheen -i-Hayat	ع، ف	زندگی بھر، جب تک زندگی رہے
تاناشاہ	Tanashah	ا	دکن کا نہایت نازک مزاج بادشاہ
تائق	Taiq	ف	شوقین، شوق رکھنے والا، اشتیاق رکھنے والا
تابدار	Tabdar	ف	روشن، چمکیلا، چمکنے والا، منور
تامر	Tamar	ع	کھجوریں کھانے والا
تاب	Taab	ف	چمک دمک، رونق، روشن، حوصلہ، طاقت، برداشت
تابید	Tabaid	ف	ہمیشگی کرنا، ابد تک پہنچانا
تانیر	Tanir	ت	طلوع سحر، نور کا کڑکا
تانیس	Tanees	ف	پیار، محبت، الفت، عبادت، اطاعت
تاشف	Tashif	ع	مہربان، غمگسار، ہمدرد، شفیق
تاشقین	Tashqin	ع	ہمدرد لوگ
تارز	Tariz	ع	طاقتور، مضبوط، قوی، توانا، سخت
تاہب	Tahib	ف	مستعدی، چوکس، چوکنا، آمادگی، مان جانا

تالق	Taliq	ف	شوق رکھنے والا
تائب	Taib	ع	توبہ کرنے والا، گناہ نہ کرنے والا
تابین	Tabeen	ف	عیاں ہونا، آشکار ہونا، ظاہر ہونا، سپاہی
تاجدار	Tajdar	ف	بادشاہ، صاحب تخت
تاجور	Tajwar	ف	تاج والا
تبحر	Tabhar	ہ	بہت مال دار ہونا، ذی علم ہونا
تبصیر	Tebsir	ف	منور کرنا، روشن کرنا
تبریک	Tabrik	ع	مبارک پیش کرنا، مبارک دینا، برکت
تبارک	Tabarak	ع	برکت والا
تباشیر	Tabasheer	ف	ایک دوا، صبح کاذب کی روشنی
تبسم	Babassam	ع	مسکراہٹ، مسکرانا
تبشیر	Tabshir	ع	خوشی کی خبر سنانا، خوشخبری دینا
تبسط	Tabsut	ع	کھلا ہونا، کشادہ ہونا، پھیلنا
تجمل	Tajammal	ع	شان وشوکت، زیب، آرائش، زیبائش
تحسین	Tahsin	ع	تعریف کرنا، ستائش کرنا، سراہنا، توصیف کرنا
تحذیر	Tehzir	ع	خبردار ہونا، ہوشیار ہونا، چوکنا ہونا
تحلیم	Tehlim	ع	نرم طبع ہونا، انکساری، بردباری، حلیم ہونا
ترفان	Turfaan	ع	ترجمان
تراس	Tarras	ع	ڈھال بنانے والا
ترفید	Terfid	ع	سردار بنانا، سربراہ بنانا، بزرگ بنانا

تراب	Terab	ع	خاک، مٹی، زمین، حضرت علیؓ کی کنیت ابوتراب
تسنیم	Tasneem	ع	جنت کی ایک نہر کا نام
تسلیم	Tasleem	ع	آداب کرنا، سلامت رکھنا، سلام کرنا
تسہیل	Tasheel	ع	آسانی، سہل کرنا، آسان کرنا
تسمیم	Tasmeem	ع	مضبوط، ٹھوس
تصور	Tasawar	ف	خیال، سوچ
تصدیق	Tasdiq	ع	درست، سچ بتانا، حقیقت کہنا، اثبات، صحت
تصدق	Tasadaq	ع	قربانی دینا، نچھاور ہونا، صدقہ دینا
تعظیم	Tazim	ع	بڑائی، بزرگی، عظمت
تقی	Taqi	ع	پاکیزہ، پرہیزگار
تمنا	Tamanna	ع	خواہش
تمیم	Tamim	ع	توانا، مضبوط، لمبے قد والا، ایک صحابی کا نام
تنویر	Tanwir	ف	روشنی، چمک، نور
تنزیل	Tanzil	ع	نازل کرنا، نزول کرنا، اتارنا
تواب	Tawaab	ع	توبہ قبول کرنے والا
توکل	Tawakal	ع	یقین کامل، بھروسہ، تکیہ کرنا، اعتماد کرنا
توصیف	Tausif	ع	صفت بیان کرنے والا، وصف بیان کرنا، اچھائی بیان کرنا، خوبی بیان کرنا، تعریف کرنا
توفیق	Taufiq	ع	طاقت، ہمت، حوصلہ
توقیر	Tauqir	ع	تعظیم، عزت، ادب، احترام تکریم

توکیل	Taukil	ع	سونپنا، ذمے لگانا، وکیل ومختار بنانا
تہور	Tahoor	ع	جرأت، بہادری، مردانگی، دلیری، شجاعت
تہامی	Tihami	ع	نبی کریم ﷺ کا لقب مبارک، مکہ کو اتہام بھی کہا جاتا ہے
تہذیب	Tahzib	ع	شائستگی، آراستگی، انسانیت، صفائی
تیمور	Taimour	ت	فولاد، مشہور فاتح بادشاہ تیمور لنگ

☆

☆ ☆ ☆

☆

''ث'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان:	معنی:
ثابت	Sabet	ع	مضبوط، قائم، مکمل، پورا، مستقل، سچا، یقین، اعتماد، بھروسہ، برقرار، صحابی کا نام
ثائر	Sair	ع	قصاص لینے والا، بدلہ لینے والا
ثاقب	Saqib	ع	مضبوط
ثائب	Saib	ع	درخشاں، چمک والا، چمکیلا، روشن، منور
ثالث	Salis	ع	فیصلہ کرنے والا، پنچ، تیسرا
ثباتہ	Sabatah	ع	بہادر ہونا، دلاور ہونا، پختہ رائے ہونا
ثبار	Sabaar	ع	تندہی، استقلال، مصروفیت
ثبہات	Sabhat	ع	مضبوط
ثروت	Sarwet	ع	دولت، مال وزر
ثقلین	Saqlain	ع	دونوں جہاں، دوگروہ، مخلوق یعنی انسان اور جن
ثقیف	Saqeef	ع	چست، چالاک، دانا، تیز، طرار، عقلمند
ثقات	Saqat	ع	قابل اعتماد، معتبر لوگ، معزز لوگ، ثقہ کی جمع
ثمامہ	Samamah	ع	ایک صحابی کا نام
ثمین	Samin	ع، ف	بیش قیمت، گراں بہا، قیمتی
ثمر	Samar	ع	پھل، نتیجہ، انجام

ثمروز	Samrose	ع،ف	پھل دار، بارود، ثمر دار
ثناء	Sana	ع	تعریف
ثناءاللہ	Sanaullah	ع	اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے والا۔
ثوبان	Soban	ع	رجوع کرنے والا، واپس آنا، پلٹ آنا، لوٹنا، ایک صحابی کا نام
ثوری	Sauri	ع	قبیلہ ثور سے تعلق رکھنے والا، مشہور ولی اللہ حضرت سفیان ثوریؒ
ثومان	Souman	ع	واپس آنا
ثین	Seen	ع	دریا سے موتی نکالنے والا

☆
☆☆☆
☆

''ج'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان:	معنی:
جاَبان	Jaban	ع	کمزور دل والا، نرم دل
جابر	Jabar	ع	زبردست، جبر کرنے والا، صحابیؓ کا نام
جاگو	Jagu	ا، ہ	شب بیدار، ہوشیار، بیدار مغز
جالب	Jalab	ع	اپنی طرف کھینچ لینے والا
جالینوس	Jalinoos	ی	ایک معروف یونانی طبیب
جان	Jaan	ف	طاقتور، زندگی، روح
جانی	Jani	ف	عزیز، پیارا، محبت کا لفظ
جاں بر	Janbar	ف	محفوظ، زندہ، سلامت، صحیح سلامت
جاول	Jawal	ع	جنگجو، لڑنے والا
جاوید	Javaid	ف	دائمی، ہمیشہ کے لیے، قائم رہنے والا
جاسر	Jasar	ع	آگے بڑھنے والا، بہادر، دلیر، نڈر، جری، شجاع
جایان	Jayan	ف	نرم دل، کمزور دل
جالس	Jalas	ع	بٹھانے والا، بیٹھنے والا
جاہ	Jah	ف	رتبہ، جلال، حشمت، مرتبہ، عزت
جارِح	Jareh	ع	نشتر لگانے والا
جازم	Jazam	ع	مضبوط ارادہ کرنے والا، پکا ارادہ کرنے والا

جازیہ	Jaziyah	ع	عرض، بدلہ، پاداش
جاسم	Jasam	ع	تنومند، مضبوط، توانا، طاقتور
جائش	Jaish	ع	اعلیٰ، عمدہ، نفیس
جازع	Jazeh	ع	مصمم ارادہ کرنے والا، مضبوط ارادہ کرنے والا
جاذل	Jazal	ع	سیدھا کھڑا ہونے والا، خوش وخرم
جاذب	Jazab	ع	پرکشش، جذب کرنے والا
جاد	Jad	ع	سنجیدہ، محنتی
جبان	Jaban	ع	کمزور دل والا
جبران	Jabran	ع	معاوضہ، عوض، تلافی، موازنہ، تاوان
جبروت	Jabroot	ع	بزرگی وعظمت، جاہ وجلال
جبیر	Jabeer	ع	جابر، زبردست
جبیرہ	Jabeerah	ع	کنگن، آمادہ ہونا
جحظ	Jehz	ع	ایک عربی ادیب کا لقب
جدیر	Jadeer	ع	لائق، سزاوار، احاطہ
جذیر	Jazeer	ع	مناسب، لائق، موزوں
جرجبیں	Jarjabeen	ع	ایک پیغمبر کا نام
جرار	Jarrar	ع	دلیر، بہادر، شجاع، جری، کھینچنے والا
جرنم	Jarnam	ف	جسامت والا
جرہ	Jarrah	ا، ت	شجاع، بہادر
جرات	Jurrat	ع	دلیری، شجاعت، بہادر

جدیر	Jareed	ف	لائق، سزاوار، احاطہ
جریس	Jarees	ع	سفر کی تیاری کرنے والا
جذلان	Jazlan	ف	خوش وخرم، شاداں وفرحاں، پرمسرت
جذول	Jazool	ع	پرمسرت، خوش رہنے والا، شادمان
جساس	Jusaas	ع	بڑی جستجو کرنے والا، بڑا تجسس کرنے والا
جعفر	Jaffer	ع	مشہور صحابی حضرت جعفر طیارؓ
جعفری	Jafferi	ف	زرد رنگ کا پھول، گیندا
جلال	Jalal	ع	عظمت، بڑائی، بزرگی
جلیس	Jalis	ف	دوست، رفیق، ساتھی، حبیب، ہم نشین
جمیل	Jamil	ع	حسین، سوہنا، خوبصورت
جمشید	Jamshed	ف	فارس کے ایک بادشاہ کا نام
جماش	Jamash	ف	دلیر، نڈر، شجاع، جری، شوخ، بہادر
جمال	Jamal	ف	خوبصورتی، حسن
جناح	Jinnah	ع	بازو اور ہاتھ، بغل، جانب، پناہ، حمایت، کنارہ روزن، کھڑکی گروہ
جنان	Janan	ع	دل، قلب جنت، بہشت
جنید	Junaid	ع	نیک، عبادت گزار، پرہیزگار، مشہور ولی اللہ حضرت جنید بغدادیؒ
جواد	Jawad	ع	دینے والا، تقسیم کرنے والا، عطا کرنے والا، بانٹنے والا، سخی

جواں بخت	Jawan Bakht	ف	خوش قسمت، اقبال مند، اچھی قسمت والا
جوئیندہ	Joindah	ف	تلاش کرنے والا، ڈھونڈنے والا
جہانگیر	Jahangir	ف	دنیا کو فتح کرنے والا، جہان کو فتح کرنے والا، ہندوستان کا چوتھا مغل بادشاہ نورالدین جہانگیر
جہانزیب	Jahanzeb	ف	دنیا کی سجاوٹ کرنے والا، دنیا کی زیبائش کرنے والا
جہانیاں	Jahanian	ف	مخلوق، مشہور ولی اللہ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت
جسیم	Jaseem	ع	گرانڈیل، بڑی جسامت والا
جید	Jayyad	ع	اعلیٰ، بزرگ، خوب، عمدہ، کھرا

☆

☆☆☆

☆

''چ'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان:	معنی:
چاند	Chand	ا،ر	قمر، ماہتاب
چاش	Chash	ف	مٹھاس، شیریں، میٹھا
چراغ	Chiragh	ف	شمع، دیا، مشہور ادیب چراغ حسن حسرت
چراغ دین	Chiraghdin	ف، ع	دین کی شمع، دین کا چراغ، دین کا دیا
چغتائی	Chughtai	ف، ت	جو چنگیز خان کے بیٹے چغتائی کی نسل سے ہیں وہ چغتائی کہلاتے ہیں
چشتی	Chishti	ف	چشت کا رہنے والا
چودھری	Chaudhari	ا	سرغنہ، نمبردار، مقدم گاؤں کا سردار، میر محلہ، زمینداری کا خطاب
چوہان	Chohan	ا	سورج ہنسی
چیدہ خان	Chida Khan		منتخب رئیس، چنا ہوا رئیس

☆
☆☆☆
☆

''ح'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان:	معنی:
حاتم	Hatim	ع	سخی، بہادر، دلیر، عرب کے ایک سردار کا نام جو اپنی سخاوت اور بہادری کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے، مشہور صحابیؓ
حامد	Hamid	ع	تعریف کرنے والا، صفت بیان کرنے والا
حاکم	Hakim	ع	حکومت کرنے والا، رئیس، سردار، امیر
حاذق	Haziq	ع	دانا، عقلمند، ماہر، کامل، تجربہ کار، یکتا
حازم	Hazam	ع	ذہین، دانا، ہوشیار، سمجھدار، دوراندیش
حازی	Hazi	ع	قیافہ شناس، اندازہ لگانے والا
حاذر	Hazar	ع	چوکس، ہمہ وقت تیار، مستعد
حافد	Hafad	ع	مددگار، اطاعت گزار، تابع
حامی	Hami	ع	حمایتی، طرف دار
حارث	Haras	ع	کسان، کاشتکار، شیر، مشہور صحابیؓ
حاور	Hawer	ع	تعریف کرنے والا
حافظ	Hafiz	ع	حفاظت کرنے والا، نگہبانی کرنے والا
حافظ العین	Hafizul-Ain	ع	بیدار آدمی، جس پر نیند غلبہ نہ کرے
حائل	Haeel	ع	روکنے والا، بیچ میں آنے والا پردہ، آڑ

حاتم اصم	HatimAsm	ع	ایک مشہور ولی اللہ کا نام
حاج	Haaj	ع	حج کرنے والا
حام	Haam	ع	حضرت نوحؑ کے بیٹے کا نام
حاسن	Hasen	ع	حسن، حسان، نیک مرد
ہاشم	Hasham	ع	ہمہ وقت چوکس وتیار، مستعد، غصیلا
حبشی	Habshi	ا، ع	سانولے رنگ کا، حبش کا رہنے والا
حبیب	Habib	ع	رفیق، ساتھی، دوست، پیارا
حباب	Habab	ع	رفاقت، پیار، محبت، دوستی، ساتھ
حجاج	Hajaj	ع	حج کرنے والے، بہت سے حج کرنے والا، بہت حجت کرنے والا، مشہور حکمران حجاج بن یوسف جس نے سب سے پہلے قرآن پاک کے حروف پر اعراب لگوائے
حجاب	Hijab	ع	حیا، لحاظ، پردہ، لاج
حجار	Hajjar	ع	معمار، سنگتراش
حجازی	Hijazi	ع	حجاز کی طرف منسوب
حدیر	Hadir	ع	خوبصورت، حسین
حداق	Hidaq	ع	حکمت والا، دانش مند، دانا، عقلمند، سمجھدار
حدیقہ	Hadeeqah	ا، ع	باغ، کھجوروں کا باغ
حذق	Hizq	ع	مہارت، عانائی، عقلمندی، تجربہ کاری
حذیفہ	Hazaifa	ع	اسرار کو جاننے والا، مشہور صحابیؓ
حذافت	Hazafat	ع	دانائی، عقلمندی، سمجھداری، مہارت

حذاقت	Hazaqat	ع	عقلمندی، دانائی
حریص الخیر	Harees-ul-Khar	ع	اچھائی کا چاہنے والا، خیر کا لالچی
حریر	Hareer	ع	ریشم، دیبا
حریز	Hareez	ع	محفوظ، حفاظت کیا ہوا
حُر	Hur	ع	شریف، نیک بختی، آزاد خود مختار
حرفتی	Herfeti	ف	ہوشیار، چالاک، تیز، کاریگر
حزب اللہ	Hezbullah	ا، ع	اللہ والوں کی جماعت
حزیم	Hazim	ع	دانا، ہوشیار، عقلمند، دانشمند، سمجھدار
حزم	Hazam	ع	مضبوطی، احتیاط
حسان	Hassan	ع	بہت بہتر، بہت اچھا، نیک، اعلیٰ مشہور صحابیؓ
حسن	Hasan	ع	نیک، اچھا، خوبصورت، نبی کریم ﷺ کے نواسے اور حضرت علیؓ کے صاحبزادے کا اسم مبارک
حسیم	Haseem	ع	ذی عزت، ذی مرتبہ، بلند مرتبہ، مہمان
حسیب	Haseeb	ع	بزرگ، حساب لینے والا
حسنین	Hasnain	ع	اچھے لوگ، نیک لوگ
حسین	Hussain	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے نواسے اور حضرت علیؓ کے صاحبزادے کا اسم مبارک
حسین	Haseen	ف	اچھی شکل والا، جمیل، شکیل، خوبصورت
حسنات	Hasnat	ع	نیکیاں، اچھائیاں، بھلائیاں

حسام	Hussam	ع	شمشیر،تلوار
حسنٰی	Hasna	ع	فتح مندی،نیک نامی
حسنی	Husni	ع	بہت حسین وجمیل، بہت زیادہ خوبصورت
حشام	Hasham	ع	شان وشوکت والا
حشمت	Hashmat	ع	جاہ وجلال،رعب،دبدبہ،شان وشوکت،بزرگی
حصیف	Hasif	ع	پائیدار،مضبوط،پختہ
حصان	Hisan	ع	گوہرموتی
حصانت	Hisanat	ع	پرہیزگاری،پاک دامنی،مضبوطی،حفاظت
حضرت	Hazrat	ع	حاضر،حضور،جناب
حضور	Hazoor	ع	موجودگی،حاضرہونا،روبرو
حطام	Hetam	ع	ببرشیر
حظ	Hiz	ا،ع	مزہ،لطف
حفیظ	Hafiz	ع	نگہبان،حفاظت کرنے والا،محافظ
حقانی	Haqqani	ع	حق،سچ،لائق،دوست،رفیق،قابل،اہل
حق	Haq	ع	دوست، سچ، فرض، واجب، انعام، بدلہ، معاوضہ،جائز،اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم مبارک
حکیم	Hakim	ع	دانشمند، حکمت والا، عقلمند، فہم و فراست والا،دانا،باشعور،سمجھدار
حکم دین	Hukmdin	ع	دین کا فرمان،دین کا فیصلہ
حمد	Hamd	ع	تعریف،ثناءاللہ کی تعریف کرنا

حمزہ	Hamza	ع	شیر، حضور نبی کریم ﷺ کے چچا کا اسم مبارک
حماس	Hamas	ع	سختی، مضبوطی، لڑائی، جنگ، فلسطین کی جنگ آزادی کے ایک مشہور رہنما کا نام
حماد	Hamad	ع	حمد کرنے والا، بہت زیادہ تعریف کرنے والا
حمید	Hamid	ع	تیز فہم، تعریف کیا ہوا، ذہین، عقلمند، سمجھدار
حنان	Hanan	ع	رحمت نازل کرنے والا، بے حد رحمت والا
حنیف	Hanif	ع	صادق، پکا، سچا، حق پر ڈٹا ہوا
حنا	Hanna	ع	پھرنا، باز رکھنا
حیدر	Haider	ع	شیر، حضرت علیؓ کا لقب حیدر کرار
حیات	Hayat	ع	جان، عمر، زندگی
حیام	Hayam	ع	بہت زیادہ تمنا، بہت زیادہ خواہش

☆

☆ ☆ ☆

☆

''خ'' سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان:	معنی:
خادم	Khadim	ع	خدمت کرنے والا
خاور	Khawer	ع	مشرق، سورج، آفتاب
خازن	Khazen	ع	محافظ، نگہبان، رکھوالا، خزانچی، دھیان رکھنے والا
خالد	Khalid	ع	خدمتگار
خاضع	Khazay	ع	عاجز
خاشع	Khashay	ع	عاجزی کرنے والا، انکساری کرنے والا
خاطب	Khatib	ع	مقرر، خطیب، وعظ، تقریر کرنے والا
خاطم	Khatim	ع	پیشوا، امیر، راہنما، لیڈر، رئیس، راہبر
خالف	Khalif	ع	خلیفہ، قائم مقام، جانشین
خاکی نہاد	Khakinehad	ف	نرم دل، رحم دل، بہت خلیق
خاقان	Khaqan	ف	تاج وتخت کا مالک، بادشاہ
خانر	Khaner	ع	رفیق، حبیب، دوست، سچا ساتھی
خانی	Khani	ت	پوشیدہ، چھپا ہوا، خفیہ
خان	Khan	ف	سردار، امیر، رئیس، سربراہ
خان زادہ	Khanzada	ا،ف	شہزادہ، خان کا بیٹا
خُبیب	Khabib	ع	مشہور صحابی حضرت خبیب بن عدیؓ

خبیر	Khabir	ع	دانا، واقف، خبردار، جاننے والا، خبر رکھنے والا
خبی	Khabay	ع	خفیہ، چھپا ہوا، پوشیدہ
خجیر	Khajir	ع	خوبصورت، حسین، شکیل، جمیل
خدف	Khadaf	ع	جلدی کرنا
خدین	Khadin	ع	دوست، رفیق، حبیب، ساتھی
خدا بخش	Khuda Baksh	ع	خدا کا بخشا ہوا، اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا
خدام	Khudam	ع	خدمت کرنے والا، خادم کی جمع
خرام	Kharam	ع	نزاکت کی چال
خرت	Khurt	ع	ہوشیاری، سمجھداری
خرس	Khurs	ف	چاند کا چہرہ
خرسند	Khursand	ف	پرمسرت
خرم	Khuram	ف	خوش، مسرور، شادمان، پرمسرت، تازہ
خرمن	Khirmen	ف	چاند کا ہالہ، کھلیان
خرمند	Khirmend	ف	خوش، مسرور، راضی، پرمسرت
خرت	Khirt	ع	سمجھداری، عقلمندی، ہوشیاری، دانائی
خرمی	Khurmi	ف	شادمانی، فرحت، خوشی
خزینہ	Khazina	ف	مخزن، خزانہ
خزائن	Khizan	ا، ع	خزانہ کی جمع
خسروی	Khusravi	ا، ف	بادشاہی، خسرو سے منسوب

خسرو	Khusru	ف	حسن و خوبصورت، خوبرو
خشان	Khashan	ف	مبارک
خشینام	Khushnam	ف	بھلے نام والا، اچھے نام والا
خضر	Khazir	ع	راہبر، راستہ بتانے والا، مشہور پیغمبر حضرت خضر علیہ السلام
خضوع	Khazoo	ع	انکساری، عاجزی
خطاب	Khatab	ع	گفتگو کرنا، تقریر، حضرت عمر فاروقؓ کے والد کا نام
خطیب	Khatib	ع	لوگوں کو مخاطب کرنے والا، تقریر کرنے والا، خطبہ پڑھنے والا، وعظ و نصیحت کرنے والا
خلیفہ	Khalifa	ع	جانشین، ولی عہد
خلیق	Khaliq	ع	اچھے اخلاق والا، خلق والا، ملنسار
خلیل	Khalil	ع	رفیق، سچا دوست، حضرت ابراہیمؑ کا لقب
خلاق	Khalaq	ع	حصہ، نصیب
خلف الرشید	Khalful Rashid	ع	سچا جانشین، فرمانبردار بیٹا، سعادت مند بیٹا
خورشید	Khurshid	ف	ہوشیار، سیانا، صبح سویرے اٹھنے والا
خوشحال	Khushal	ف	دولتمند، آسودہ، مالدار، مطمئن
خیام	Khayam	ف	خیمہ سینے والا، خیمہ بنانے والا
خوانین	Khawanin	ف	بلند مرتبہ، رتبے والا
خیل	Khail	ع	جماعت، گروہ

خیر	Khair	ع	نیکی، اچھائی، بھلائی
خیر اندیش	Khair-andaish	ع	خیر خواہ، بھلائی چاہنے والا
خیار	Khayar	ع	نیک لوگ، بھلے لوگ، اختیار
خیاط	Khayat	ع	کپڑے سینے والا

☆
☆☆☆
☆

"د" سے شروع ہونے والے نام

نام:	انگلش:	زبان:	معنی:
داؤد	Dawood	ع	عزیز، محبوب الٰہی، مشہور پیغمبر حضرت داؤدؑ جن پر زبور نازل ہوئی
داراب	Darab	ف	شان وشوکت والا، رعب ودبدبہ والا
دائل	Dial	ع	اچھی خوبیوں والا، اچھی عادت والا
دانش	Danish	ف	دانائی، شعور، علم، عقل، سوجھ بوجھ
داد	Dad	ف	انعام، بخشش، انصاف، عدل
دادرس	Dadras	ف	فریاد سننے والا، منصف، جج، قاضی
دانشور	Danishwer	ف	سمجھدار، عقلمند، باشعور
داور	Dawer	ف	افسر، حاکم، منصف، انصاف کرنے والا
